IBL HEALTHCARE A SEARLE Subsidiary

# IBL HealthCare Limited

# NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting of the shareholders of IBL HealthCare Limited will be held on Wednesday, August 12, 2026 at 12:00 p.m. at Indus Suite, Avari Towers, Fatimah Jinnah Road, Karachi as well as through video conferencing facility to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of annual general meeting held on October 28, 2025.
2. To elect seven (7) directors of the company as fixed by the Board of Directors in accordance with Section 159(1) of the Companies Act, 2017 for a term of three (3) years in place of following retiring directors who are eligible for re-election.

**1. Mr. Mufti Zia ul Islam** | **2. Mr. Munis Abdullah**
**3. Mr. Omer Iqbal Awan** | **4. Dr. Atta ur Rahman**
**5. Mr. Zubair Razzak Palwala** | **6. Mrs. Fareen Naz Qureshi**
**7. Mr. Sheraz Khan**

The statement of material facts as required under Section 166(3) of the Act is being dispatched to the members along with the notice of EOGM.

**OTHER BUSINESS**

3. To transact any other business of the company with the permission of the Chair.

By the order of the Board

Karachi:
July 22, 2026

**Hussain Murtaza**
Company Secretary

**NOTES**

**A. Book Closure**

i. The share transfer books will remain closed from August 05, 2026 to August 12, 2026 (both days inclusive). Transfers in good order, received at the office of Company's Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400 by close of the business on August 04, 2026 will be treated in time for the purpose of attending & voting at the Extraordinary General Meeting.

ii. **Circulation of Notice through mail**

Pursuant to SRO 452(I)/2025, Notice of the EOGM shall be circulated to members at their registered email addresses provided to the Company, in accordance with applicable laws.

**B. Participation in EOGM through Electronic Means**

Shareholders interested in attending the EOGM through Zoom application are hereby requested to get themselves registered with the Company latest by August 11, 2026 at 12:00 pm (PST) by sending an email with subject "Registration for IBLHL EOGM" at **hussain.murtaza@iblhc.com** along with a valid scanned copy of their CNIC. While participating through electronic means, members are advised to provide the following mandatory information:

| Name of Shareholder | Company | CNIC No. | Folio/CDS No. | Cell No. | Email address |
|---|---|---|---|---|---|
| | IBL Healthcare Limited | | | | |

Members will be registered after necessary verification as per the above required information and will be provided with a video link at their provided email address. Login facility will be opened thirty (30) minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting after identification process.

Shareholders can also provide their comments and questions for the agenda items of the EOGM at the email address **hussain.murtaza@iblhc.com**

**C. Participation in the Extraordinary General Meeting via Physical Presence including through Proxy**

Members whose names appear in the Register of Members as of August 04, 2026, are entitled to attend and vote at the EOGM. A member entitled to attend and vote at the EOGM is entitled to appoint a proxy to attend, speak and vote for him/her. The proxy need not be a member of the Company.

An instrument of proxy applicable for the EOGM is being provided with the Notice sent to the members. Proxy form may also be downloaded from the Company's website: **https://iblhc.com/investor-relations**. An instrument of proxy and the power of attorney or other authority, if any, under which it is signed, or a certified true copy of such power or authority duly notarized must, to be valid, be received by the Company's Registered Office, 2nd Floor, One IBL Centre, Plot No.1, Block 7&8, Tipu Sultan Road, Off Shahrah-e-Faisal, Karachi-75350 (attention to the Company Secretary) or email at **hussain.murtaza@iblhc.com** not less than 48 hours before the time of EOGM, i.e. before 12:00 p.m. on August 10, 2026.

Members having physical shareholding are requested to submit a copy of their Computerized National Identity Card (CNIC) at the registered address to our Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited (CDCSRSL), CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400. CDC account holders may submit to their respective CDC Participant/Stockbroker/Investor Account Services.

Members are requested to intimate any changes in address immediately to Company's Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400.

If a member appoints more than one proxy and more than one instrument of proxy is deposited by a member, all such instruments of proxy shall be rendered invalid.

**D. Election of Directors**

Any member, who seeks to contest election of directors, shall file with the company at its Registered Office, 2nd Floor, One IBL Centre, Block 7&8, DMCHS, Tipu Sultan Road, off Shahrah-e-Faisal, Karachi or email scanned copies at **hussain.murtaza@iblhc.com** not later than fourteen (14) days before the date of the aforementioned meeting:

i. Consent to act as a director on Appendix to Form-09 (duly completed and signed by the candidate as required under Section 167(1) of the Act.
ii. Details of other Directorship(s) and office(s) held.
iii. Detailed profile including qualifications, experience, competencies, office address and directorships held in other companies.
iv. A declaration to the effect that he/she is aware of duties and powers of Directors under the Act, the Rule Book of Pakistan Stock Exchange Limited, The Regulations and other relevant and prevalent applicable laws and regulations.
v. A declaration in respect of being compliant with the requirements of CCG 2019 and eligibility criteria as set out in the Companies Act, 2017 to act as a director of listed company.
vi. Copy of valid CNIC (in case of a Pakistani national) or Passport (in case of a foreign national), along with NTN & Folio No./CDC Investor Account No./CDC Sub-Account No. (applicable for a person filing consent for the first time as such).

Independent Director(s) shall meet the criteria laid down in Section 166(2) of the Act and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018 and ensure that his/her name must be included in the databank of Independent Directors maintained by the Pakistan Institute of Corporate Governance. Accordingly, the following additional documents are also required to be submitted by the candidate(s) intending to contest for election as Independent Director(s):

i. Declaration confirming that he/she meets the criteria of independence prescribed under Section 166(2) of the Companies Act, 2017 and Clause 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019.
ii. Evidence of inclusion of his/her name in the databank of Independent Directors maintained by PICG.
iii. Any other document, declaration or undertaking as may be required under the Companies Act, 2017, the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 or any directives issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

**E. Procedure for E-voting and Voting through Postal Ballot**

Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 and notified amendments, members will be allowed to exercise the right to vote through electronic voting facility and postal ballot for the purpose of election of directors, if the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under Section 159 of the Act, 2017 voting shall be conducted in the manner and as per the procedures contained in the Regulations.

**F. Voting Rights of members at the EOGM under SRO 451(I)/2025**

Pursuant to SRO 451(I)/2025 dated March 13, 2025, issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), members/shareholders who did not cast their vote through electronic voting or postal ballot prior to the date of the EOGM and attend the meeting in person shall be allowed to cast their vote in person at the EOGM through ballot paper.

Proxy holders duly appointed by members in accordance with applicable laws and the Company's proxy requirements shall also be permitted to cast the vote of the member they represent at the EOGM through ballot paper, provided that the member has not exercised voting rights through electronic voting or postal ballot prior to the meeting. Such proxy holders must present their original CNIC in case of individual and in case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney, the valid proxy instrument (submitted not later than 48 hours before the meeting) under the Company's proxy guidelines at the time of attending the EOGM.

**G. Appointment of Scrutinizer**

In accordance with Regulation 11 of the Companies (Postal Ballot) Regulation, 2018 (the Regulation), for the purpose of conducting and supervising the voting process as defined in Regulation 11A of the Regulation in connection with the election of Directors at the EOGM, the Board of Directors has appointed M/s. S.M. Suhail & Co, Chartered Accountants (Since 1983) as Scrutinizer. The firm is duly qualified in terms of Section 247 of the Companies Act, 2017 and holds a satisfactory Quality Control Review (QCR) rating from the Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP). The Scrutinizer possesses the necessary knowledge and experience to independently scrutinize the voting process in accordance with the applicable legal requirements.

**H. Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form**

Section 72 (2) of the Companies Act, 2017 provides that every existing company shall be required to replace its physical shares with the book-entry form within four (4) years of the date of the promulgation of the Act. Further, SECP vide its letter dated 26 March 2021 has directed listed companies to pursue their shareholders holding securities in physical form to convert the same in the book-entry form. To ensure compliance with the aforementioned provision and to be benefited by holding securities in the book-entry form, all shareholders holding shares in physical form are again requested to convert their shares into book-entry form.

**I. Submission of Copy of CNIC/NTN Certificate (Mandatory)**

Members are requested to provide copy of valid CNIC/NTN Certificate to their respective Participant/CDC Investor Account Services in case of book-entry form, or to Company's Share Registrar in case of physical form, duly quoting thereon Company's name and respective folio numbers.

**J. Prohibition of distribution of Gifts**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan (the "SECP") vide SRO 452(1)/2025 has strictly prohibited companies from providing gifts or incentives, in lieu of gifts tokens/coupons/lunches/takeaway/packages) in any form or manner, to shareholders at or in connection with general meetings.

**K. Request for Video Conference Facility**

In term of SECP's Circular No.10 of 2014 dated May 21, 2014 read with the provisions contained under Section 134(1)(b) of the Act, if the Company receives request /demand from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to the date of meeting, the Company will arrange video conference facility in that city, subject to availability of such facility in that city.

I/We, ________________________ of ____________ being a member of the IBL HealthCare Limited, holder of ____________________________ ordinary shares as per Registered Folio No. ________________________ hereby opt for video conference facility at ____________________.

____________________
Signature of Member (s)

IBL HEALTHCARE
A SEARLE Subsidiary

# آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ

## اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ کے حصص یافتگان کا غیر معمولی اجلاسِ عام بروز بدھ، 12 اگست 2026 کو دوپہر 12:00 بجے، انڈس سوئیٹ، آواری ٹاورز، فاطمہ جناح روڈ، کراچی , نیز ویڈیو کانفرنسگ کی سہولت کے ذریعے بھی منعقد ہوگا جس میں درج ذیل امور پر کارروائی کی جائے گی:

**عمومی امور**

1. 28 اکتوبر 2025 کو منعقدہ سالانہ اجلاسِ عام کے اجلاس کی کارروائی کی توثیق کرنا۔
2. کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کی دفعہ (1)159 کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ تعداد کے مطابق کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جائے گا، جن کی مدتِ عہدہ تین (3) سال ہوگی۔ یہ انتخاب درج ذیل سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کی جگہ کیا جائے گا جو دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں:

| | |
|---|---|
| **1۔ جناب مفتی ضیاء الاسلام** | **2۔ جناب مونس عبداللہ** |
| **3۔ جناب عمر اقبال اعوان** | **4۔ ڈاکٹر عطاالرحمٰن** |
| **5۔ جناب زبیر رزاق پال والا** | **6۔ محترمہ فریں ناز قریشی** |
| **7۔ جناب شیراز خان** | |

ایکٹ کی دفعہ (3)166 کے تحت مطلوبہ اہم حقائق پر مشتمل بیان غیر معمولی اجلاسِ عام کے نوٹس کے ساتھ ممبران کو ارسال کیا جا رہا ہے۔

**دیگر امور**

3. چیئرمین کی اجازت سے کمپنی کے کسی بھی دیگر کاروباری معاملے پر کارروائی کرنا۔

بورڈ کے حکم پر

**حسین مرتضیٰ**

کمپنی سیکریٹری

کراچی:

22 جولائی 2026ء

**نوٹس:**

**A. کھاتوں کی بندش**

i. حصص کی منتقلی کے کھاتے 5 اگست 2026ء سے 12 اگست 2026ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ وہ منتقلیاں جو مکمل اور درست حالت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، ایس ایم سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی-74400 کے دفتر میں 4 اگست 2026ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہو جائیں گی، انہیں غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور ووٹنگ کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**ii. نوٹس کی ای میل کے ذریعے ترسیل**

ایس آر او (I)452/2025 کے تحت، غیر معمولی اجلاس عام کا نوٹس ممبران کو ان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر، جو انہوں نے کمپنی کو فراہم کیے ہیں، متعلقہ قوانین کے مطابق ارسال کیا جائے گا۔

**B. الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت**

وہ شیئر ہولڈرز جو Zoom ایپلی کیشن کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ 11 اگست 2026ء کو دوپہر 12:00 بجے تک کمپنی کے ساتھ رجسٹریشن مکمل کر لیں۔ اس مقصد کے لیے ایک ای میل، جس کا عنوان "Registration for IBLHL EoGM" ہو، درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی اسکین شدہ کاپی ساتھ hussain.murtaza@iblhc.com پر ای میل کریں۔ الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے شرکت کے دوران ممبران سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل لازمی معلومات فراہم کریں:

| شیئر ہولڈر کا نام | کمپنی | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو/سی ڈی ایس نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ | | | | |

مطلوبہ معلومات کی ضروری تصدیق کے بعد ممبران کی رجسٹریشن مکمل کی جائے گی اور فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر ویڈیو لنک ارسال کیا جائے گا۔ شرکاء کو شناختی عمل مکمل کرنے اور اجلاس میں شامل ہونے کیلئے اجلاس کے مقررہ وقت سے تیس (30) منٹ قبل لاگ اِن کی سہولت فراہم کر دی جائے گی۔

شیئر ہولڈرز غیر معمولی اجلاس عام کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنے تبصرے اور سوالات بھی hussain.murtaza@iblhc.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔

**C. غیر معمولی عام اجلاس میں بالمشافہ بشمول پراکسی کے ذریعے شرکت**

وہ ممبران جن کے نام 4 اگست 2026ء تک رجسٹر آف ممبرز میں درج ہوں گے، غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ہوں گے۔ ایسا ممبر جو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہے، کسی پراکسی کو اپنی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کیلئے مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں ہے۔

غیر معمولی اجلاسِ عام کے لئے قابلِ اطلاق پراکسی فارم ممبران کو ارسال کیے گئے نوٹس کے ساتھ فراہم کیا جا رہا ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ https://iblhc.com/investor-relations سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ پراکسی فارم، اور اگر اس پر دستخط کسی وکالت نامہ (Power of Attorney) یا کسی دیگر مجاز دستاویز کے تحت کیے گئے ہوں تو اس وکالت نامہ یا اختیار کی نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ مصدقہ نقل، موثر ہونے کے لیے لازماً غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل، یعنی 10 اگست 2026ء کو دوپہر 12:00 بجے سے پہلے، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر 1، بلاک 7 اور 8، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی-75350 (برائے توجہ: کمپنی سیکریٹری) پر موصول ہو جانی چاہیئے یا hussain.murtaza@iblhc.com پر ای میل کی جا سکتی ہے۔

جن ممبران کے حصص فزیکل شکل میں ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی ایک نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، ایس ایم سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 پر جمع کروائیں۔ جبکہ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اپنی متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ، اسٹاک بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ذریعے یہ معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی فوری اطلاع کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، ایس ایم سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کو دیں۔

اگر کوئی ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرے اور ایک سے زیادہ پراکسی فارم جمع کروائے، تو ایسے تمام پراکسی فارم کالعدم تصور کیے جائیں گے۔

**D. ڈائریکٹرز کا انتخاب**

کوئی بھی ممبر جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں امیدوار بننے کا خواہشمند ہو، وہ مذکورہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، بلاک 7 اور 8، ڈی ایم سی ایچ ایس، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی میں درج ذیل دستاویزات جمع کروائے یا ان کی اسکین شدہ نقول hussain.murtaza@iblhc.com پر ای میل کریں۔

i. ضمیمہ برائے فارم-9 بحیثیت ایک ڈائریکٹر فرائض انجام دینے کی خواہش کا اظہار، امیدوار کی جانب سے باقاعدہ مکمل کردہ اور دستخط شدہ، جیسا کہ ایکٹ کے سیکشن ایکٹ کی دفعہ (1)167 کے تحت درکار ہے۔

ii. دیگر کمپنیوں میں زیرِ عہدہ ڈائریکٹرشپس اور دیگر عہدوں کی تفصیلات۔

iii. امیدوار کا تفصیلی پروفائل، جس میں تعلیمی قابلیت، تجربہ، مہارتیں، دفتری پتہ اور دیگر کمپنیوں میں حاصل شدہ ڈائریکٹرشپ کی تفصیلات شامل ہوں۔

iv. ایک اقرار نامہ کہ امیدوار کمپنیز ایکٹ، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے رول بک، متعلقہ ضوابط اور دیگر نافذ العمل قوانین وقواعد کے تحت ڈائریکٹر کے فرائض اور اختیارات سے مکمل آگاہ ہے۔

v. ایک اقرار نامہ کہ امیدوار کارپوریٹ گورننس کوڈ 2019 (CCG2019) کی شرائط اور کمپنیز ایکٹ 2017 میں درج لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر بننے کے اہلیت کے معیار پر پورا اُترتا/اُترتی ہے۔

vi. پاکستانی شہری ہونے کی صورت میں کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل، یا غیر ملکی شہری ہونے کی صورت میں پاسپورٹ کی نقل، نیز نیشنل ٹیکس نمبر اور سی ڈی سی فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/سب اکاؤنٹ نمبر (اگر پہلی مرتبہ رضامندی جمع کروائی جا رہی ہو)۔

آزاد ڈائریکٹر کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایکٹ کی دفعہ (2)166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کا طریقہ کار) ریگولیشنز، 2018 میں وضع کردہ معیارات پر پورا اُتریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کا نام 'پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس' (پی آئی سی جی) کے زیرِ انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں شامل ہو۔ اس کے مطابق، آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب لڑنے کے خواہشمند امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات بھی جمع کروانا ہوں گی:

i. کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (2)166 اور لسٹڈ کمپنیز (کارپوریٹ گورننس کا ضابطہ) ضوابط، 2019 کی شق (3)6 کے تحت آزاد ڈائریکٹرز کا اعلامیہ کہ وہ 'آزادانہ حیثیت' کے معیار پر پورا اترتے/اترتی ہیں؛

ii. پی آئی سی جی کے زیرِ انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں نام کی شمولیت کا ثبوت؛

iii. کمپنیز ایکٹ، 2017 کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کا طریقہ کار) ضوابط، 2018، لسٹڈ کمپنیز (کارپوریٹ گورننس کا ضابطہ) ضوابط، 2019 یا سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ ہدایت کردہ، کوئی بھی دیگر دستاویز، اقرار نامہ یا تحریری حلف نامہ۔

**E. ای-ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 اور اس میں کی گئی ترامیم کے تحت، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ اگر انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو، تو ووٹنگ کا عمل ان ضوابط (ریگولیشنز) میں بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق انجام دیا جائے گا۔

**F. غیر معمولی اجلاس عام میں S.R.O.451(I)/2025 کے تحت ممبران کے ووٹنگ کے حقوق**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ S.R.O.451(I)/2025 مورخہ 13 مارچ 2025ء کے مطابق، وہ ممبران جنہوں نے غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) کی تاریخ سے قبل الیکٹرانک ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال نہیں کیا ہو اور جو اجلاس میں بذاتِ خود شرکت کریں، انہیں ای او جی ایم میں بیلٹ پیپر کے ذریعے اپنا ووٹ ڈالنے کی اجازت ہوگی۔

اسی طرح، وہ پراکسی ہولڈرز جو قابلِ اطلاق قوانین اور کمپنی کے پراکسی سے متعلق تقاضوں کے مطابق ممبران کی جانب سے باقاعدہ طور پر مقرر کیے گئے ہوں، انہیں بھی ای او جی ایم میں بیلٹ پیپر کے ذریعے اس ممبر کا ووٹ ڈالنے کی اجازت ہوگی جس کی وہ نمائندگی کر رہے ہوں، بشرطیکہ متعلقہ ممبر اجلاس سے قبل الیکٹرانک ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا حقِ رائے دہی استعمال نہ کر چکا ہو۔ ایسے پراکسی ہولڈرز کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ ای او جی ایم میں شرکت کے وقت: اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (انفرادی حیثیت میں)؛ اور یا کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/اختیار نامہ (پاور آف اٹارنی) اور کمپنی کی پراکسی ہدایات کے تحت درست پراکسی دستاویز (جو اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرائی گئی ہو) پیش کریں۔

**G. اسکروٹنائزر کی تقرری**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 (مذکورہ ضوابط) کے ریگولیشن 11 کے تحت، اور 'ای او جی ایم' میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے سلسلے میں ووٹنگ کے عمل (جس کی وضاحت مذکورہ ضوابط کے ریگولیشن 11A میں کی گئی ہے) کو منعقد کرنے اور اس کی نگرانی کرنے کی غرض سے، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز ایس ایم سہیل اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (جو 1983 سے خدمات انجام دے رہی ہے) کو بطور اسکروٹنائزر مقرر کیا ہے۔ یہ فرم کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 247 کے تحت مطلوبہ اہلیت کی حامل ہے اور انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) کی جانب سے تسلی بخش 'کوالٹی کنٹرول ریویو' (QCR) ریٹنگ رکھتی ہے۔ اسکروٹنائزر قابلِ اطلاق قانونی تقاضوں کے مطابق ووٹنگ کے عمل کی آزادانہ جانچ پڑتال کرنے کے لیے ضروری علم اور تجربہ رکھتی ہے۔

**H. فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کا سیکشن (2)72 فراہم کرتا ہے کہ ہر موجودہ کمپنی کو ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ کے چار (4) سالوں کے اندر اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کے ساتھ تبدیل کرنا ہوگا۔ مزید، ایس ای سی پی نے اپنے 26 مارچ 2021 کے خط کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کی پیروی کریں جو فزیکل سیکیورٹیز رکھتے ہیں تا کہ اسے بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ مذکورہ بالا شق کی تعمیل کو یقینی بنانے اور بک انٹری فارم میں سیکیورٹیز رکھ کر مستفید ہونے کے لیے، فزیکل فارم میں شیئرز رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز سے دوبارہ درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔

**I. کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفکیٹ کی کاپی جمع کروانا (لازمی)**

ارکان سے گزارش ہے کہ وہ 'بک انٹری فارم' کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو یا 'فزیکل فارم' کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو، اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفکیٹ کی کاپی فراہم کریں؛ اس کاپی پر کمپنی کا نام اور متعلقہ فولیو نمبر کا اندراج لازمی کریں۔

**J. تحائف کی تقسیم پر پابندی**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے ایس آر او (I)452/2025 کے ذریعے کمپنیوں کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ غیر معمولی اجلاس عام کے موقع پر یا ان کے سلسلے میں حصص یافتگان کو کسی بھی صورت یا طریقے سے تحائف یا مراعات فراہم نہ کریں۔ اس پابندی میں تحائف کے متبادل کے طور پر دیے جانے والے تحفے کے ٹوکنز، کوپن، ظہرانے، ٹیک اوے یا پیکیجز وغیرہ بھی شامل ہیں۔

**K. ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کی درخواست**

ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر 10 بابت 2014 مورخہ 21 مئی 2014 ساتھ ملا کر پڑھیں ایکٹ کے سیکشن (b)(1)134 کے تحت شامل کردہ شقیں، کے مطابق اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر مجموعی طور پر 10% یا زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 10 دن قبل اجلاس میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کی درخواست/ڈیمانڈ موصول ہوئی تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس سہولت کا انتظام کر دے گی جو اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہوگا۔

**ویڈیو کانفرنسنگ سہولت کے ذریعے شرکت کے لیے رضامندی**

میں/ہم، ____________ ساکن ____________، جو کہ آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ کے ممبر ہیں اور رجسٹرڈ فولیو نمبر ____________ کے تحت ____________ عام حصص کے حامل ہیں، بذریعہ ہذا اس مقام پر ویڈیو کانفرنس کی سہولت اختیار کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔

____________

ممبر کے دستخط